## سوال

(181) کیا عورت قبرستان میں جا سکتی ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا عورت قبرستان میں جا سکتی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

عورت قبرستان جا سکتی ہے۔ بشرطیکہ جزع وفزع کا اظہار نہ کرے۔ رسول اللہ ﷺ نے ایک عورت کو قبر کے پاس بیٹھی دیکھا کہ رو رہی تھی، فرمایا :

’اِتَّقِی اللّٰہَ وَاصْبِرِیْ‘ ( صحیح البخاری ، بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِلْمَرْأَۃِ عِنْدَ القَبْرِ : اصْبِرِی ، رقم : ۱۲۵۲، صحیح مسلم ، رقم : ۹۲۶)

’’اللہ سے ڈر اور صبر کر۔‘‘

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### جلد : 3، کتاب الجنائز : صفحہ : 205

محدث فتویٰ